علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس::اردو افسانہ وڈراما(9016) سمسٹر: بہار2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ اردو افسانہ نگاری کے مختلف رجحانات کے حوالے سے اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ یلدرم کے افسانوں میں عورت کا کردار ویسا قدامت پسند نہیں جیسا ان کے معاصرین کے ہاں دکھائی دیتا ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مجوزہ کتب برائے مطالعہ کی مدد سے پریم چند کی حقیقت نگاری اور رومانیت پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سعادت حسن منٹو کی افسانوی تکنیک پر نوٹ لکھئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ پریم چند کا افسانہ ''کفن'' افسانہ نگاری کے اصولوں کی کس قدر پاسداری کرتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ افسانے کی بنت اور جزئیات نگاری میں غلام عباس کو کمال حاصل ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ کرشن چندر کی رومانی حقیقت پسندی میں شوخی بھی ہے اور طنز بھی، اس تناظر میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ آغا حشر کی ڈرامہ نگاری کو آپ کتنے ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں؟ ہر دور میں لکھے گئے ڈراموں کی تفصیل بتائیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ ڈراما نگاری کے فن کے تناظر میں انار کلی کے کرداروں کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اردو ڈرامے کے فروغ میں ٹی وی کے کردار کا جائزہ لیجیے۔ (20)